ماحولیات

فکرِ سلطان

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

ڈاکٹر سلطان محمود

کتاب کا سٹیٹس

نمبر شمار	عنوان	کمنٹس
1	کور پیجیز	
2	فہرست مضامین	
3	مضامین کی درجہ بندی	
4	مواد کی درستگی	
5	گرامر اور زبان	
6	گمشدہ مواد	
7	غلطیوں کی اصلاح	
8	سرخیاں (مستقل سطح اور ترتیب)	
9	خطوط (فونٹس - مستقل مزاجی اور درست استعمال)	
10	حروف کا سائز (عنوانات، سرخیاں، متن)	
15	رنگ (متن اور ڈیزائن عناصر)	
16	صفحہ نمبر نگ	
17	حاشیے (مستقل اور ترتیب کے مطابق)	
18	سرخی اور پانوشت (ہیڈر اور فوٹر)	
19	ساخت اور ترتیب	
20	حوالہ جات	

ماحولیات

(مصنف: ڈاکٹر سلطان محمود)

ENVIRONMENT

BY: DR. SULTAN MAHMOOD

ڈاکٹر سلطان محمود، مینیجنگ ڈائریکٹر
ایکوکیئر کنسلٹنسی سروسز (ای سی سی ایس) پرائیویٹ لمیٹیڈ

Managing Director
ECOCARE CONSULTANCY SERVICES (ECCS) PVT. LTD.
www.ecocare.pk

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

فکرِ سلطان

(مصنف: ڈاکٹر سلطان محمود)

FIKAR-E-SULTAN

BY: DR. SULTAN MAHMOOD

ڈاکٹر سلطان محمود، مینیجنگ ڈائریکٹر
ایکوکیئر کنسلٹنسی سروسز (ای سی سی ایس) پرائیویٹ لمیٹیڈ

Managing Director
ECOCARE CONSULTANCY SERVICES (ECCS) PVT. LTD.
www.ecocare.pk

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی



In the name of Allah,
the Most Beneficent,
the Most Merciful

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

انتساب

Dedicated to the one I love in the Quest of truth.

میری فکر اس کے نام جس سے میں سچ کی تلاش میں آج بھی پیار کرتا ہوں۔

فکرِ سلطان: جملہ حقوق

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

سیریز	فکرِ سلطان (10 سیریز)
مصنف	ڈاکٹر سلطان محمود
ناشر	ایکوکیئر کنسلٹنسی سروسز (ای سی سی ایس) پرائیویٹ لمیٹیڈ
پبلیشر	ماروِل سسٹم
نظرِ ثانی	انعم عروج
اشاعت	2024

فکرِ سلطان : فہرست سیریز

نمبر شمار	عنوان	کل کُتب
1	سیریز اول: ہڈ بیتی	12
2	سیریز دوم: غذا اور صحت	30
3	سیریز سوم: حیوانات برائے انسانی غذا	13
4	سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی	31
5	سیریز پنجم: غذائی تحفظ	06
6	سیریز ششم: دیہی ترقی	01
7	سیریز ہفتم: سماجی رویئے	04
8	سیریز ہشتم: طنز و مزاح	10
9	سیریز نہم: شعر و شاعری	02
10	سیریز دہم: تصویری مسافت	01
--	کل کُتب	110

تعارف: فکرِ سلطان سیریز

ڈاکٹر سلطان محمود نے اپنی نصف صدی کی کاوش کو سائنسی انداز میں تحریکی کارکن بن کر چلایا نیز غذائی تحفظ ایک کی عالمی خود مختار تحریک کو مقامی رہنما کے طور پر پاکستان میں ایک غیر معمولی موڑ دیا ہے جس کے نتیجے میں ان کے افکار اور عملی جدوجہد نے 'فکر سلطان' جیسی ایک طاقتور دستاویزی سیریز جنم دی ہے۔ اس میں وہ اپنی آدھی صدی کی شبانہ روز کی ہمہ جہت کوشش کو شاندار کہانی کے طور پر بیان کرتے ہوئے اہم معلومات سے بھری وہ تاریخ بھی بیان کر رہے ہیں جو ملک عزیز کے غیر مستحکم حالات کے باوجود مقامی اور نچلی سطح کے مسائل کو قومی اور عالمی سطح پر کچھ اس انداز سے اٹھالے جاتے ہیں کہ جہاں وہ حیاتیاتی تنوع یا بائیوڈائیورسٹی کی ہئیت تبدیل کئے بغیر کارپوریٹ تسلط کے ساتھ جنگ کرتے نظر آتے ہیں۔ یہاں یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ ڈویلپمنٹ مافیا کے خلاف کس طرح نچلی سطح کی لڑائی کو اٹھا کر قومی اور عالمی سطح پر لے جایا جاتا ہے۔ ان کی یہ سوچ بھی قابل داد ہے کہ دنیا بھر میں مقامی سطح کی کمیونٹی ہمیشہ مقدس اور خود مختار ہونی چاہئے تا کہ وہ اپنے علم اور حقوق کو حاصل کر کے مستقبل کی دنیا کی حقیقی کہانی کا نقشہ ترتیب دے سکے۔ ڈاکٹر صاحب کا یہ سفر مندرجہ ذیل دس سیریز پر مشتمل ہے۔

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

سیریز اول: ہڈ بیتی

ایک شاندار اور سمجھدار دماغ، شفاف کردار، شاعرانہ روح اور نچلی سطح کی تنظیموں میں مہارت حاصل کرنے کی صلاحیت رکھنے والے ڈاکٹر سلطان محمود نے ملکی ترقی کے مسائل اور تحریکوں کے سب سے زیادہ موثر اور محبوب لیڈروں کے جھرمٹ میں اپنا مقام حاصل کیا ہے۔ ان کو ملے غیر معمولی قدرتی تحائف میں ایشیا، یورپ، امریکہ، تین براعظموں کی سات جامعات سے حاصل شدہ اعلیٰ ترین تعلیم و تربیت کی بنیاد پر انسان کی غذائی ضروریات اور قدرتی ماحول کے درمیان گہرے تعلق کا ادراک ہے۔ غذائے انسانی میں استعمال ہونے مویشیوں، ماحولیات اور انسانی صحت کے بارے میں وہ آزادانہ گہری تفہیم بھی شامل ہے جو ملکی رویوں کی زبوں حالی کے باعث ہمیشہ زوال پذیر رہی ہے۔ وہ جانتا ہے کہ مطلق العنان سیاسی اور پدرسری نظام سے کس طرح کی حکمت سے جنگ لڑ کر جیتی جاتی ہے اور کیسے انسانیت اور تخلیق دونوں کو یکجا کیا جا سکتا ہے۔ نیز اپنے مخصوص مقاصد کے حصول کے لیے ایک عام سے متوسط گھرانے سے اُٹھ کر 17 سے زائید ممالک میں اپنی صلاحیتوں کا کیسے لوہا منوایا۔ یہ قاری کو ان کی زندگی کے سفر کو پڑھ کر ہی اندازہ ہو گا کہ محدود مالی وسائل سے کوئی بھی لمحہ فروغ گذاشت نہ کرتے ہوئے کیسے، "تبدیلی کا ڈھانچہ بنایا جا سکتا ہے"۔

سیریز دوم: غذا اور صحت

غذائی علاج جیسی اپنی پچھلی مشہور کتابوں کی طرح، مصنف ماحولیاتی حکمت، پرجوش سرگرمی اور بے عیب پیشہ ورانہ سوچ کے ساتھ پھر سے چمک رہا ہے۔ اس سیریز میں مصنف کی نگارشات اس بات کا ثبوت دیتے دکھائی دیتی ہیں جو انسانی خوراک و غذا پر موسمیاتی تبدیلی کے برے اثرات کو کم کرنے کے لیے مقامی اور بین الاقوامی کارپوریٹ سطح کی کوششوں کے لیے کیے جانے ضروری ہیں۔ یہ اس بات کا بھی ثبوت ہے کہ مصنف نے کس طرح حیاتیاتی تنوع کے تحفظ اور کسان برادریوں کے حقوق کے لیے اپنی کوششوں کو حوصلے کے ساتھ جاری رکھا۔ مصنف نے 1997 میں غذا و صحت کے میدان میں چھلانگ لگائی اور پھر اسے اس وقت تک اوڑھنا بچھونا بنائے رکھا جب تک کہ ورلڈ بنک کے راشد القیوم مرحوم کے مشورے کے پیش نظر ڈاکٹریٹ کے بارہ برس بعد پنجاب یونیورسٹی سے ماحولیات کی ڈگری نہیں لے لی۔ اور پھر انسانی غذا کی پیداوار پر ماحول کے اثرات کا تفصیل سے جائزہ لینا نہیں شروع کر دیا۔

سیریز سوم: حیوانات برائے انسانی غذا

غذائی تحفظ کی تخفیفی سائنس تقاضہ کرتی ہے کہ پیچیدہ سائنسی و معاشی معاملات کو ان کی سادہ ترین اشکال میں ڈھال کر انسانی مسائل کو آسان تر بنایا جاسکے۔ تخفیفی سائنس کے تنقیدی اظہاریے جیسا

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

شدید پس منظر رکھنے والا ڈاکٹر سلطان محمود نچلی سطح کی متعدد انجمنوں اور تحریکوں کا ایک سنسنی خیز موجد، شریک موجد اور کٹڑ حمایتی بھی رہا ہے۔ نیز افزائشِ حیوانات، جنگلات، پانی اور کسان تنظیموں کے تحفظ کی ان تمام ضروری تحریکوں کا روحِ رواں بھی ہے جو زندہ زرعی معاشرے کا تانا بانا ہیں۔ اور یقین رکھتا ہے کہ اس تانے بانے سے انسانی دنیا کا اہم ترین مسئلہ یعنی بھوک سے نجات والا کپڑا بنا جا سکتا ہے۔ اس مقصد کو حصول میں اس کی جس مضمون نے سب سے زیادہ رہنمائی کی وہ ان کے گریجوایشن کے مضامین تھے۔ جنہوں نے انسانی غذا میں شامل چالیس فی صد جز وجو حیوانات سے حاصل ہوتا ہے، اس کا ادراک گہرا کیا۔ گوشت، دودھ اور انڈے کی پیداوار اور پھر متناسب پیداوار انسان کو بھوک کے المیے سے دوچار نہیں ہونے دیتی۔

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

ڈاکٹر سلطان محمود کی زندگی کی کہانی ماحولیات، سماجی سیٹ اپ اور گورننگ سٹنٹی کو بچانے کی جدوجہد کی وہ زندہ مثال ہے جس میں نصابی اور زمینی حقائق دونوں کام آئے۔ وہ اپنے سیارے کے ماحولیاتی نظام کے کام اور ضرر رساں کارٹیل اور اس کے حامیوں کے تباہ کن اثرات کو گہرائی سے سمجھتا ہے۔ اس کتاب کو پڑھنا ان گہرے مسائل کے اسباب کے بارے میں قاری کے ذہن کو کھولے گا جس میں چند لوگ اپنے برے اعمال کی وجہ سے اکثریت کو دھکیل رہے ہیں نیز اس کے مطالعے سے قاری کو حکومت کے طاقتور تکبر سے نکل کر کسان کی طرف پلٹنے کی امید اور حوصلہ ملے گا۔ یہ خوبصورتی سے لکھی گئی یادداشت ایک زبردست داستان ہے جو زمین، زندگی اور ہمارے قیمتی

سیارے کی سالمیت کی خواہش رکھنے والے ہر فرد کو پتا ہونی چاہیے۔ مغربی کارپوریٹ سیکٹر کے ESG کی جانب کاروباری جھکاؤ سے مصنف نے جو کچھ امریکہ، یورپ اور خلیجی ممالک سے سمجھا، وہ اس نے اپنے ایکوکیئر بزنس اور سوشل میڈیا آگاہی والے گروپس اور چینل کے ذریعے آنے والی نسل کو پوری طرح سے آگاہ کر دیا ہے۔ اس سیریز کا 30 کُتب کی شکل میں مخطوطہ بڑی تفصیل سے واضع کرتا ہے کہ جونہی ملک کو کارپوریٹ کلچر کے ذریعے ترقی کی جانب غیر متوازن انداز میں دھکیلا جاتا ہے تو وہ کس طرح ہمارے مجموعی سماجی ڈھانچے کو متاثر کرتا ہے۔ اس سے ملک میں ایک غیر متوازن ماحولیات اور سماجی جنگ چھڑ جاتی ہے۔ جو بالآخر وسائل کی نامنصفانہ تقسیم پر منتج ہوتی ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے اپنے تئیں تمام ماحولیاتی پراجیکٹس میں قابل کاشت زمین، انسانی روزگار اور گرم ہوتے ہوئے کرہءِ زمین کے باعث گلیشیر پگھل کر طوفانی انداز اختیار کرنے جیسے مضامین کو کافی گہرائی سے دیکھا ہے۔ نیز اس سیکٹر میں پوراجذب ہونے کے لیے اپنی سرکاری نوکری سے قبل از وقت ریٹائرمنٹ لے کر نیسپاک جیسی قومی و عالمی ایجنسیوں کے ماحولیاتی پروگرام کا جارحانہ حصہ بن کر انسانی غذا کی تخفیفی سائنس سے بھرپور کام لیا ہے اور چار سو سے زائید ماحولیات پراجیکٹس کو کامیابی سے ہمکنار کر کے ملک کے عوام اور حکومت کے کام کو نہائیت آسان بنا دیا ہے۔

سیریز پنجم: غذائی تحفظ

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

ڈاکٹر سلطان محمود کی ذاتی کاوشوں کا سارا نچوڑ صرف "غذائی تحفظ" کے ارد گرد ہی گھومتا ہے۔ جسے اصولی طور پر اولین سیریز میں جگہ ملنی چاہیے تھی، لیکن تخفیفی سائنس کا خوگر ہونے کے باعث انہوں نے مناسب جانا کہ پہلے ان اوامر کا ذکر کیا جائے جو غذائی تحفظ یا عدم تحفظ کا باعث بنتے ہیں۔ تبھی انہیں نے اپنے فکری سفر کا آغاز اپنے پسندیدہ مضمون (سیریز دوم غذا و صحت) سے شروع کرنا مناسب جانا اور انسانی صحت پر غذا کی ضروریات اور اثرات کا شروع میں جائزہ پیش کر دیا۔ یعنی باالفاظ دیگر اپنی فکر کی بنیاد انسانی جِبلَّت بھوک پر رکھی۔ پھر مناسب انسانی صحت برقرار رکھنے کے لیے مناسب غذا کی پیداوار، سپلائی چین، قوتِ خرید اور جسمانی ضروریات پر رکھی۔ دھیرے دھیرے اس تخیل کو راسخ کر لینے کے بعد وہ اپنے بنیادی مضمون یعنی ان حیوانات کی جانب پلٹے جو انسانی خوراک میں دودھ، گوشت اور انڈے کی شکل میں روزانہ کی ضرورت کا چالیس فی صد پر مشتمل ہے۔ اس منطقی تعلق سے ان کی فکری گہرائی کا اندازہ لگانا چنداں مشکل نہیں کہ اگر بہترین اور مناسب ماحولیاتی انتظامات کر کے پانی کے ذرائع پر بحث مکمل کر لی جائے تو یہ غذائی تحفظ کی ایک ایسی گارنٹی ہے جو افزائشِ حیوانات کے ذریعے انسانی صحت کی ضامن ہے۔ یہاں یہ بھی واضع ہو جاتا ہے کہ شدید سیلاب ہر سال جو حیوانات کی تباہی لاتے ہیں ان پر موثر قابو پا کر انسان کم سے کم چالیس فی صد غذائی ضروریات کو تو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ ان کی یہ منطقی سوچ یورپ اور امریکن جامعات کی فلاحی سائنسیز پر کام کر کے پیدا ہوئی۔ گو کہ ڈاکٹر سلطان محمود کے تیکنیکی کام میں سب سے کم کتب اسی غذائی تحفظ سیریز کا حصہ بنیں لیکن حقیقت بھی یہی ہے کہ عظیم تحقیقات اور کاوشوں کا خلاصہ ہمیشہ مختصر ہوتا ہے۔

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

سیریز ششم: دیہی ترقی

ویسے تو حیوانات کی افزائش ایک دیہی موضوع ہے جہاں ہمارا 70 فی صد کسان اپنا خون جلا کر صبح شام انسانی غذائیں پیدا کرتا ہے۔ لیکن ہمارے ہاں کے غیر متوازن دیہی ترقی کے میدان کی بجائے ہمیشہ شہری ترقی و سہولیات کو اولیت حاصل رہتی ہے۔ جس نے ایک جانب اگر غذائی عدم تحفظ کا خطرہ مول لے لیا ہے تو دوسری جانب شہر کی طرف نقل مقانی کی عفریت کو بھی جنم دیا ہے۔ ایسے غیر دانشمندانہ حکومتی اقدامات کا نتیجہ ایک ایسی بے ہنگم معاشرتی زندگی کی شکل میں رونما ہوا ہے کہ جس میں حکومت گاؤں چھوڑ کر شہر میں بسنے والوں کے مسائل کو شہری ترقی کی ناکامی کی شکل میں سہہ رہی ہے اور نہ وہ ان کو خدا ہی مل پا رہا ہے اور نہ وصالِ صنم ہو رہا ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کو تو خیر چھوڑیں اگر کل کے غریب چین اور بھارت ہی کی مثال لے لیں تو ان کے ہاں غذائی تحفظ شہر و دیہاتی زندگی میں توازن لانے سے ممکن ہوا ہے۔ اور محض بیس برس میں ان دو ممالک کے دو ارب لوگ دن میں ایک کھانے سے دو کھانوں کے قابل ہو گئے ہیں۔ ان دونوں ممالک نے اپنے آبی ذخائر پر ہزاروں ڈیم بنا دیئے ہیں جن سے وہ نہ صرف غذائی تحفظ یقنی بنا رہے ہیں بلکہ اپنی توانائی کی ضروریات بھی پوری کر رہے ہیں۔ حالانکہ عالمی موسمی تبدیلیاں ان پر بھی ویسے ہی اثر انداز ہو رہی ہیں جیسے باقی کرہء ارض پر رونما ہوتی ہیں۔

سیریز ہفتم: سماجی رویئے

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

ڈاکٹر سلطان محمود اپنے عالمی ایکسپوژر کے باعث خلیجی ممالک میں رواج پا جانے والے حالیہ شعبہ جات میں ماحولیات سے متصلہ کارپوریٹ سیکٹر کی نئی جہت ای ایس جی سے کافی متاثر ہوئے لہذا انہوں نے ملک عزیز کی اس شعبہ میں لاعلمی کو نشانہ بنانے کا فیصلہ کرتے ہوئے اپنی کل نگارشات میں سے سوشل اور گورننس کے شعبہ جات کو ماحولیات کی کتب کے علاوہ خود مختار کتابی درجہ دے دیا اور اس کے لئے انہوں نے سیاست، مذہب، تعلیم، آبادی، تکنیکی تربیت، شہری و دیہی ترقی وغیرہ جیسے اہم موضوعات پر جو کچھ تجربات حاصل کئے تھے اسے اکٹھا کر کے اس سیریز کا حصہ بنا دیا ہے۔ سابقہ اعتبار سے وہ اپنی نگارشات کو حاصل مطالعہ بھی کہتے ہیں، اس مطالعے کا حاصل جو انہوں نے مغرب سے حاصل کیا اور سنجیدہ عملی و علمی سفر کو اپنے وطن میں بھی لاگو کر سکتے ہیں۔ گو کہ وہ اس بات پر بھی یقین رکھتے ہیں کہ "کامن سینس" اتنی بھی کامن نہیں ہوتی" لیکن امیدؑ واثق رکھنے ہیں کہ جونہی عوام خصوصاً کسان میں تعلمی کمی دور ہو گی، سماج میں لازمی بہتری آئے گی۔

سیریز ہشتم: طنز و مزاح

اس جہت پر ڈاکٹر صاحب ایک اتھارٹی ہیں اور خود اپنے اوپر تنقید کرتے ہوئے ایک جگہ لکھتے ہیں کہ میں نے اگر طنز و مزاح کے گڑھ لائلپور یا فیصل آباد میں چوتھائی صدی نہ گزاری ہوتی تو میرے اندر کا اصلاحی جذبہ طنز اور شگفتگی کی شکل میں باہر نہ آتا۔ اس لحاظ سے دیکھیں تو اس سیریز میں نہ صرف سب سے زیادہ کتب ہیں جو ایک منفرد انداز میں مقامی و عالمی سیاست، مذاہب، نیز دیگر

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

سماجی موضوعات پر طنزیہ و فکاہیہ انداز میں تخلیق شدہ تاریخ کا شاندار اور متاثر کن عالمی منظر نامہ پیش کرتی ہیں جسے ڈاکٹر صاحب نے اپنی طنزیہ و فکاہیہ ندرت اظہار کے باعث اسے میٹھا سچ سیریز کا نام دے دیا ہے۔ اس سے بھی بڑھ کر یہ بھی ثابت ہو جاتا ہے کہ مصنف مقامی طور پر قلیل مدتی طاقتوں کی سماجی خرابیوں کے ساتھ ساتھ عالمی سیاست کی خود غرضی کا بھی سامنا کرنے کا حوصلہ رکھتا ہے۔ یہ سیریز ایک شان اور روشنی کے ساتھ بیشمار سیاسی، سماجی اور منطقی حل بھی فکاہیہ انداز ہی میں پیش کرتی ہے۔ مصنف نے ملک کے نمایاں مزاح نگار کرنل محمد خان اور ظفر اقبال کی طرز سے متاثر ہو کر مزاح لکھنے کا آغاز گو کہ کالج لائف سے شروع کر دیا تھا مگر اس انداز کو مہمیز تب ملی جب وہ نیویارک میں ممتاز صحافی محسن ظہیر کی ادارت میں شائع ہونے والے ہفت روزہ "صدائے پاکستان" سے بحیثیت سب ایڈیٹر منسلک ہوئے۔ نیز انہوں نے لاہور کے چند اخبارات میں اپنے فکاہیہ کالم میٹھا سچ کے نام سے ہی لکھنے شروع کر دیے۔ بقول ڈاکٹر صاحب جگت بازی اور فکاہیہ اندازِ بیان میراثی کو حکومت سے جدا کرتا ہے۔ اور طنزیہ ادب کو سنجیدہ کرتا ہے۔

سیریز نہم: شعر و شاعری

ڈاکٹر سلطان محمود کا بچپن ہی سے شاعرانہ مزاج ہے جسے اظہار کا موقعہ کالج لائف میں کسی ناکام محبت کے جھٹکے سے ملا۔ وہ اپنی جبلت کی افتادِ طبع سے خود ہی نالاں بھی تھے جس کی ایک وجہ یہ تھی کہ انہوں نے نہ صرف کبھی کل وقتی شاعر بننا گوارا نہیں کیا بلکہ شاعر کہلوانے سے بھی صاف انکار

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

کرتے ہوئے یہ دلیل اختیار کی کہ میں نے کاغذی شیر بننا کبھی بھی پسند نہیں کیا اور دوسری رکاوٹ ان کی سائنس میں اعلی تعلیم بن گئی جو پاکستان کے علاوہ یورپ اور امریکہ سے حاصل شدہ تھی جہاں شاعروں کو کارآمد اور قابل استعمال وقت کا دشمن سمجھ کر تنقیدی چھلنیوں سے گزارا جاتا تھا۔ اس کے باوجود تین چار برس میں عروض سمجھے بغیر سینکڑوں غزلیات کہہ دینا شاید ساحر لدھیانوی کی کتاب "تلخیاں" بنی جو عین ناکام عشق کے دوران ان کے ہاتھ لگ گئی تھی۔ ڈاکٹر صاحب چونکہ اپنی ہر نگارش کو بچوں کا سا پیار دیتے ہیں اس لئے انہیں بعض دوستوں نے کلام شائع کرنے پر قائل کر لیا جن میں عروض کی استاد محترمہ کنیز بتول کھوکھر کا بڑا ہاتھ ہے جنہوں نے ڈاکٹر صاحب کی لگ بھگ ایک کتاب کے مواد کو عروض پر بھی ڈھال دیا اور جہلم کے ایک استاد شاعر کاشف بٹ نے بھی ناقابل تردید مدد کی۔ ڈاکٹر سلطان محمود جب اپنی فکر کو تحریری شکل دینے لگے تو انہیں معاصرین نے بے حد مشکل سے راضی کیا کہ وہ اپنے چالیس برس پرانے کلام کو بھی اپنی تحریر میں شامل کریں۔ یہ شاید ڈاکٹر صاحب کی غلطی یا صرف نظر ہی سمجھا جائے گا کہ وہ بہترین کلام غیر ممالک میں تو اردو کمیونیٹی کو توسناتے رہے لیکن ملک عزیز کے اندرونی حلقوں میں قدم تک نہ رکھا۔ البتہ وہ ہمیشہ اپنے برادر بزرگ ڈاکٹر حسن اختر مرحوم، استاد پروفیسر عظمت اللہ خان مرحوم اور دیگر ادبی مقربین کا ذکر بہت شوق اور محبت سے کرتے ہیں۔

سیریز دہم: تصویری مسافت

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

بھلا ہو ورلڈ بنک کا جس نے ڈاکٹر سلطان محمود کو تصویری بنک بنانے کی عادت ڈال دی۔ حالانکہ انہوں نے محض دس برس کی عمر میں جیب خرچ بچا کر کوڈک کا دس روپے کا کیمرہ 1967 میں ہی خرید لیا تھا اور اپنے بھائی ہمایوں شوکت کے واحد جس تحفے کی وہ قدر کرتے تھے وہ اس کا امریکہ سے لایا ہوا کیمرہ یاشیکا 124 تھا۔ ایسے ہی ان کے استعمال میں وارسا پولینڈ میں روسی کیمرے "زینتھ"، جرمن "بیٹنس" اور جاپانی "نیکن" کیمرے بھی رہے لیکن پھر ڈیجٹل کیمروں اور موبائل کیمروں نے تو انہیں نہال ہی کر دیا۔ ان کے پاس بزرگوں کے علاوہ مشاہیر زمانہ کی بیشمار تصاویر بھی موجود ہیں جو ہر وقت ان کے لیپ ٹاپ اور سیل فونز کی سپیس کھاتی نظر آتی ہیں۔ اس مشکل کے ہاتھوں انہوں نے مجبور ہو کر اور میاں وقار الاسلام کی صلاح لے کر فیصلہ کیا ہے کہ اپنی زندگی کی کہانی کی تصویری دسویں سیریز کیس شکل میں بنائیں گے۔

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

فہرست

نمبر شمار	عنوان	سیٹ
1	ماحولیات پاکستان	A
2	ماحولیات پاکستان	B
3	ماحولیات پاکستان	C
4	ماحولیات پاکستان	D
5	ماحولیات پاکستان	E
6	ماحولیات پاکستان	F
7	ماحولیات پاکستان	G
8	ماحولیات پاکستان	H
9	ماحولیات پاکستان	E
10	ماحولیات پاکستان	J
15	ماحولیات پاکستان	K
16	ماحولیات پاکستان	L
17	ماحولیات پاکستان	M
18	ماحولیات پاکستان	N
19	ماحولیات پاکستان	O
20	ماحولیات پاکستان	P

نمبر شمار	عنوان	سیٹ
21	ماحولیات پاکستان	Q
22	ماحولیات پاکستان	R
23	ماحولیات پاکستان	S
24	ماحولیات پاکستان	T
25	ماحولیات پاکستان	U
26	ماحولیات پاکستان	V
27	ماحولیات پاکستان	W
28	ماحولیات پاکستان	X
29	ماحولیات پاکستان	Y
30	ماحولیات پاکستان	Z
31	ماحولیات پاکستان	AA
32	ماحولیات پاکستان	AB
33	ماحولیات پاکستان	AC
34	ماحولیات	150سے310

ENVIRONMENT PAKISTAN A

1۔ ایماندار اور صاف ستھرے لوگ جماعت اسلامی میں موجود ہیں مگر قیادت نے کبھی غور فرمایا کہ کیوں عوام انہیں پسند کرنے کے باوجود ووٹ نہیں دیتی؟DSM

2۔ محمد تقی

کہا گیا کہ

سویابین کا جہاز تھا

ان لوڈنگ کے دوران زہریلی گیس پیدا ہوئی

اور

لوگ مر گئے

انسان نہیں ہیں کیا وہ لوگ!!

کیڑے مکوڑے ہیں کیا!!

از ڈاکٹر سلطان محمود

بھائی صاحب یہ جہاز کی سویابین کا معاملہ نہیں دراصل کسی بڑے آدمی کی مل سے نائٹروجن آکسائیڈ کا محفوظ سطح سے کئی گنا زیادہ اخراج تھا مگر اسے غیر ملکی جہاز پر ڈال دیا گیا ہے۔ ہلاکتوں

والے دن ہی ہمارے دوست اور ہماری ماحولیاتی ایسوسی ایشن کے سندھ چیپٹر کے نائب صدر انجینئیر سلیم الزمان صاحب کا لیبارٹری تجزیہ ہم نے فیس بک پر شئیر بھی کر دیا تھا۔

Rahila Khan۔3

شہباز شریف کو سوات کا وزرٹ کرنا چاہیئے
کام کرنے والا بندہ حکومت میں نا بھی ہو تو پروجیکٹس شروع نہیں تو پلان کر سکتا ہے
خیبر پختون خوا میں پنجابیوں جیسے ہڈ حرام نہیں جنہیں بستر سے کھینچ کر دورازے تک لانے کے لئے مشینری چاہیئے ہوتی ہے....
نوجوان اس وقت بہتر مستقبل کے لئے پر امید ہیں اور جو بھی انہیں نعروں کے بجائے بہتر مستقبل فراہم کرنے کی گارنٹی دے گا اگلی پوری نسل اسکی ہو گی!!...
یہاں وہ سب سہولیات فراہم کی جائیں جو لاہور میں ہر شہری کو دستیاب ہیں!!....

از ڈاکٹر سلطان محمود

محترمہ آپ کا پنجابیوں کے بارے بالعموم اور شہباز بارے بالخصوص تفنن درست نہیں۔ محنت اور عدم تعصب میں پنجابی آج بھی ضرب المثل ہیں۔

رہا شہباز تو وہ حکومت، پیسے اور خوشامدیوں کے بغیر کہیں بھی نہیں جائے گا۔ پنجاب خصوصا "لاہور میں جو ترقی آپکو نظر آ رہی ہے اس کے پیچھے وہ ارب پتی ہو جانے والے درجن دو درجن خوشامدی

بیوروکریٹس نیز درجن دو درجن اس کے بھانجے بھتیجے ہیں جو ترکی اور چین وغیرہ سے ٹھیکیدار ڈھونڈ کر لائے اور جی بھر کر ملک لوٹا۔

میری رائے کو براہ مہربانی سیاسی نہ سمجھیں یہ بات میں اس کی کمپنیوں میں کام کرنے کے دوران اپنے 20 سالہ مشاہدے کی بنیاد پر کر رہا ہوں۔ شہباز کے ذریعے ن لیگ نے ملکی اثاثے گروی رکھوا کر، تعلیم اور صحت اور دیگر محکموں کا بجٹ چوس کر نیز پنجاب کے دیگر 35 اضلاع کا بجٹ صرف لاہور پر لگا کر اربوں روپے لاہور اور چند شہروں کے چیدہ چیدہ مقامات پر ایسے ترقیاتی کاموں پر لگائے جو پریس کی نظر سے بخوبی دیکھے جاسکتے تھے۔ اسی لئے شہباز کے بہترین 'کارناموں' پر پھبتی 'شوباز' سے بہتر کوئی ہو ہی نہیں سکتی۔ ستر فیصد لاہور آج بھی ٹوٹا پھوٹا اور اندھیروں میں ڈوبا ہوا ہے۔ کبھی سارا لاہور گھومیں اور ساتھ ہی ساتھ پنجاب کے دیگر علاقے دیکھیں تو میرے مشاہدے پر یقین کرنے لگیں گی۔ علاوہ ازیں عوام سے خفیہ رکھے گئے ملکی قرضوں کی تفصیل دیکھنے کے بعد ان حضرات کے لندن دوبئی وغیرہ کی جائیدادیں دیکھیں گی تو یقین کریں حب الوطنی کے باعث چیخ اٹھیں گی۔

باقی آپ کے نکتہ نظر کا احترام کرتا ہوں صرف ایک گذارش کے ساتھ، کہ اخباری رپورٹس اور پارٹی بازپروپیگنڈے سے باہر آجائیں۔ میں نے آزاد کشمیر سمیت پانچوں صوبوں میں کام کیا ہے۔ مگر میرا مشاہدہ ہے کہ پنجاب کے علاوہ ہر صوبے کے سیاسی لیڈروں نے پنجاب کے لیڈروں کی طرح اپنے گھر دولت سے تو بھر لئے مگر اپنے اپنے عوام سے اپنے کرتوت اوجھل رکھنے کے لئے

ہمیشہ پنجابیوں سے نفرت اور استحصال کا ڈرامہ رچایا۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ ہر صوبے میں پنجابیوں سے نفرت موجود ہے مگر پنجاب میں کسی قسم کی صوبائیت یا دیگر عوام سے نفرت نہیں پائی جاتی۔ پنجابی بے حد کھلے دل اور کھلے دماغ کے لوگ ہیں۔ غور سے دیکھیں تو ملک بھر میں جب بھی فوج سے نفرت کی بات چلتی ہے تو تان کہاں ٹوٹتی ہے بھلا، صرف اسے پنجابی فوج کہہ کر۔ مطلب صاف ظاہر ہے کہ جس دن فوج میں دوسری قومیں غالب آئیں گی اسی دن وہ والی قوم فوج سے محبت کرنے لگ جائے گی۔ شکریہ

4۔ عبدالرحمان غازی

ایک تجویز
محکمانہ کارکردگی بہتر بنانے کے لئے ہر دفتر میں ایک بوٹا تعینات کیا جائے جو روزانہ کی بنیاد پر تہنیتی احکامات سے بہتری لائے

از ڈاکٹر سلطان محمود

عرض ہے کہ ہر محکمے کی بجائے ہر دفتر میں ایسا ایک نہ ایک بوٹا موجود ہوتا ہے مگر فرق یہ ہے کہ اس کی بجائے الٹا سارا دفتر اس کو گالیاں دے رہا ہوتا ہے 😂

5۔ سکھوں کے ماسٹر تارا سنگھ اور مسلمانوں کے مولانا ابوالکلام نے قائد آعظم کی بات نہ مان کر اپنے معتقدین کو ہمیشہ کے لئے ہندوؤں کے ظلم و استبداد کا شکار بنا دیا ہے۔ DSM

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

6۔ تقسیم کے وقت فسادات میں پنجاب کے دونوں جانب اور کراچی میں مسلمان، سکھ اور ہندو اپنے اپنے ممالک کی آزادی کیلئے قربانیاں نہیں دے رہے تھے بلکہ ایک دوسرے کا مال لوٹنے کیلئے قتل و غارت کر رہے تھے 😳 ماخوذ

7۔ امریکی سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ نے ٹرمپ کو مشورہ دیا ہے کہ اپنے دورہ بھارت کے دوران وہ پاکستان، چین یا گوادر کے خلاف کوئی جملہ نہ بولے۔ رپورٹ

8۔ امریکہ کو بالآخر اپنی عزت اور جان بچا کر افغانستان سے نکلنے کیلئے پاکستان کے قدموں پر گرنا پڑا ہے اور بھارت کو بھی سارے معاملے سے الگ رکھنا پڑا۔ جیو قمر باجوہ DSM 👏

9۔ میری فرینڈ لسٹ میں موجود ان سب سمجھدار اور باشعور مخالفین کو سلام جو میری وال پر نون لیگ اور پی پی کی حکومتوں والے مواد پر تنقید کو دیکھ کر خاموش رہتے ہیں DSM 💖

Amjad Hussain Warraich

Dr sb your mean to say reply your undue criticism on ppp leadership ate not bslance

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

از ڈاکٹر سلطان محمود

نہیں آپ الٹ سمجھ بیٹھے۔ میرا کہنے کا مطلب تھا کہ میری پی پی اور نون لیگ پر تنقید اس قدر سچ اور جاندار ہوتی ہے کہ باشعور اور سمجھدار مخالفین اکثر خاموش رہتے ہیں۔

Amjad Hussain Warraich

Sultan Mahmood sb with due respect let me say you often lost temper while criticising ppp leadership. One can smell extremism in your comments.

از ڈاکٹر سلطان محمود

وڑائچ صاحب اگر ایسا ہے بھی تو شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ میں پی پی اور بھٹو خاندان کی تاریخ کا بہت گہرائی تک جاننے والا ہوں۔

10۔ بھٹو کے بنائے گئے 1974 والے اسلامی بلاک کے 8 رہنماؤں کو طاغوتی طاقتوں نے چن چن کر ختم کر دیا۔ اب اللہ مہاتیر، اردگان اور عمران کے اتحاد کو نظر بد سے بچائے۔ DSM پارلیمنٹ سے طیب اردگان کی تقریر کی سطر سطر معنی خیز تھی۔ لگتا ہے اردگان، مہاتیر اور عمران بقول اقبال ایک جہاں تازہ کی تلاش میں نکل کھڑے ہوئے ہیں۔ منقول

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

ENVIRONMENT PAKISTAN B

1۔اب خارجی دنیا سے پاکستان بارے مثبت آوازیں ابھر رہی ہیں۔

Amjad Hussain Warraich

Dr sb please check Manchester of Pakistan which is your home city about textile sector. How many textile unit close during last one and half year in Faisal Abad . International community even u. A. E

.k. s. A. Not ready to stand with us

از ڈاکٹر سلطان محمود

وہ والے یونٹ زرداری دور سے بند پڑے ہیں۔ بلکہ آج کی خبر کے مطابق ان کو بیرونی ممالک سے سو فیصد آرڈر مل گئے ہیں۔

2۔ محمد اسلم

سیاستدانوں کے 97 ارب ڈالر باہر پڑے ہیں

از ڈاکٹر سلطان محمود

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

بے وقوف ووٹر کو پھر بھی سمجھ نہیں آئے گی۔

Muhammad Aslam

Sultan Mahmood DR SAB PHD LOG BHI JAHAN LAGAY BEATHY HEEN LAGAY HWAY HEEN.KOE NUTRAL HO K SOCHTA HI NHI K MULAK KO KIS NY LOOT KHAYA HY

از ڈاکٹر سلطان محمود

آپکو پھر مکمل خبر نہیں۔ میں صرف ملک کا سپورٹر ہوں اس لئے میری سمجھ کے مطابق مجھے جہاں بھی ملک و قوم کے مفاد سے ٹکراتا کوئی عمل محسوس ہوتا ہے تو نواز وزرداری کے ساتھ عمران اور خلائی مخلوق پر بھی تنقید کرتا ہوں۔

3۔ اگر عمران عوام کو ریلیف دینے میں سنجیدہ بھی ہوں، کابینہ کی ہر میٹنگ میں بات بھی ہو اور مہنگائی بنیادی مسئلہ بھی ہو مگر ان سب کے باوجود مسئلہ حل نہ ہو تو اہلیت پر سوالیہ نشان لگنا چاھئیے۔ DSM

4۔ سندھ میں 4 ارب روپے کی لاگت سے 50 میں سے 21 سکول بنے ہیں مگر غیر فعال، عمارتیں کھنڈر، قیمتی سامان کباڑ لیکن بدقسمتی سے ابھی تک یہ فیصلہ بھی نہیں ہوا کہ یہ کس انتظام کے تحت چلیں گے۔ رپورٹ

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

5۔ قوم کو "دھول چٹائی چائے پلائی "نیشنل ڈے مبارک ہو 👏👏👏

6۔ آپ الیکشن میں ٹھپہ بلے، پتنگ، تیر یا شیر پر لگا کر دیکھ لیں مگر لگے گا ٹینک پر ہی۔ لہذا بلاوجہ کی سیاسی بحث سے پرہیز وقت برباد مت کریں۔ بشکریہ Saboor Gill

7۔ Muhammad Hafeez Butt

Ishaq dar is chartered accountant, and a munshi by nature

از ڈاکٹر سلطان محمود

منشی تو پھر بھی بہتر ہوتے ہیں کیونکہ معاوضہ لے کر دوسروں کے اکاونٹ ٹھیک کرتے ہیں۔ یہ تو ڈاکو نکلا جو ملک بھر کا اکاونٹ ہی صاف کر گیا۔

8۔ یاسر پیرزادہ
بھارت کو دیکھ کر لگتا ہے قائداعظم سچ کہتے تھے
اور پاکستان دیکھ کر لگتا ہے ابوکلام آزاد سچ کہتے تھے

از ڈاکٹر سلطان محمود

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

پاکستان اور بھارت کی موجودہ صورتحال دیکھ کر تو لگتا ہے ابوالکلام کا کہا تو بالکل ہی غلط ثابت ہوا۔ اور قائد آعظم کا نظریہ ہی درست نکلا۔

9۔ زکات، احساس پروگرام، مفت دستر خوان، شیلٹر ہوم وغیرہ کی کل رقم سے اگر 50 یونٹ تک کے صارفین کی بجلی مفت کر دی جائے تو کیا یہ زیادہ موثر نہ ہو گا DSM 🧐

10۔ Ab Ghaf

Sultan Mahmood نبی اکرم نے سنی سنائی باتوں پر بغیر تحقیق اعتبار کرنے سے منع فرمایا ہے۔ نبی اکرم کے ارشاد کا مفہوم ہے کہ تیرے جھوٹا ہونے کے لئے یہی کافی ہے کہ تو سنی سنائی باتوں پر بغیر تحقیق اعتبار کر لے۔ یہ ارشاد رسول بیرسٹر ظہور بٹ صاحب تک بھی پہنچا دیں تا کہ انکا بھلا بھی ہو جائے۔ شکریہ

از ڈاکٹر سلطان محمود

جواب مورخہ 29 فروری 20 کے کالم 6 میں دیکھیں

ENVIRONMENT PAKISTAN C

1۔ امریکہ نے جیتی جاگتی دنیا کے سامنے اپنی شکست پر دستخط کر دیئے۔ جنرل حمید گل نے کہا تھا کہ تاریخ میں لکھا جائے گا کہ ہم نے امریکہ کی مدد سے افغانستان میں امریکہ کو ہی شکست دیدی۔

اشمل ہاشمی
اپنی فرینڈ لسٹ میں موجود ان لوگوں کو بتائیں کہ شکست کسے ہوئی؟

از ڈاکٹر سلطان محمود

بتا چکا ہوں انکو ایک کالم 308 کی شکل میں۔ اگر تم میری تحریر کہیں محفوظ کر لو اور زندگی رہی تو امریکی الیکشن کے ایک سال بعد اسی تحریر کو دوبارہ پڑھ لینا۔

Haroon Pasha

Sultan Mahmood
بالکل غلط ہے کہ افغانستان کی جنگ میں جنرل پرویز مشرف نے پاکستان کو پھنسایا۔ در حقیقت اس وقت طاقت کے نشہ میں چور امریکہ دندناتا ہوا افغانستان کی اینٹ سے اینٹ بجا دینے کے ساتھ ساتھ پاکستان کا بھی مکوں ٹھپنا چاہ رہا تھا اس گھمبیر صورتحال میں پاکستان کو امریکہ کی دست برد سے بچا لینا جنرل پرویز مشرف کی مدبرانہ قیادت کے مرہون منت کہا جا سکتا ہے جس ساتھ ساتھ انہوں

نے امریکہ کو افغانستان میں دھول چٹانے کی حکمت عملی اس ہوشیاری اور جواں مردی سے تشکیل دی کہ امریکیوں کو اس کی بھنک تک بھی نہ پڑنے پائی یہ پرویز مشرف کا وہ کارنامہ ہے جسے تاریخ دان کبھی فراموش نہیں کر سکتے ہیں

از ڈاکٹر سلطان محمود

آپ شاید بھول گئے کہ مشرف کو امریکی ایجنٹ کے طور پر آگے لانے کی پلاننگ 1994 سے ہی شروع کر دی گئی تھی۔ 9/11 کا ڈرامہ بھی پہلے سے طے تھا اور امریکہ کا چین و ایران کی 'خبر گیری' کے لئے افغانستان بیٹھنا بھی بہت پہلے کی پلاننگ تھی۔ اگر ہو سکے تو پہلے جنرل شاہد عزیز کی کتاب پڑھ لیں پھر بات کرینگے۔

2۔ چشم دید گواہ تو نہیں مگر بلوچستان میں چھ برس رہنے کی وجہ سے زبیدہ جلال کے حلقے سے اس کی کرپشن اور مشرف سے ناجائز تعلقات کا سن رکھا ہے۔

3۔ Imran Waheed

بھائی یہ آپکا اور پی ٹی آئی کا جھگڑا ہے میرا تینوں بڑی جماعتوں سے کوئی تعلق نہیں سوائے اس کے کہ میں عمران کو پہلے والوں سے بہتر خیال کرتا ہوں۔ میرا ایک سوال آپ سے بھی ہے کہ پچھلی حکومتوں نے مافیاز کو کیوں پالا؟

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

حامد میر شائد ان نو گولیوں کی بات کر رہا ہے جو اس کی تشریف پر لگی تھیں۔ تفنن بر طرف مگر شہباز بہر حال بہتر وزیر اعلی ثابت ہوتا اگر اس کے بچے اور داماد اربوں کی کمیشن وصول نہ کرتے۔

4. Massive urbanization is choking the cities. Government to act promptly. DSM

5۔ بینظیر اور نواز شریف کے مابین میثاق جمہوریت محض پانچ پانچ برس کی باریاں ہی لگوا سکا۔ یہ جمہوریت کیا مضبوط کرتا الٹا دونوں پارٹیاں سدا کیلئے اپنی رٹ ہی کھو بیٹھیں۔DSM

6۔ کپتان بڑے شاطر ہیں۔ ترکی کی انڈیا پر حکومت جیسا کوئی مذاحیہ بیان ہر ماہ داغ دیتے ہیں اور پھر سیاسی سوجھ بوجھ سے پیدل انکی شکل کے مخالف لوگ فیس بک پر ڈگڈگی بجانا شروع کر دیتے ہیں۔DSM
کپتان اب تم بھی پرچیوں پر ہی آجاو تو بہتر ہے۔۔۔۔DSM 😂

Iqbal Abbasi Tariq Pirzada Sufian Virk

ٹیکوں 💉 والی سرکار کا تہلکہ خیز انکشاف!!!
ہم ترکی سے اس لیے محبت رکھتے ہیں کیونکہ ترکی نے 600 سال ہندوستان پر حکومت کی اس بیوقوف کو یہ بھی نہیں معلوم کہ موجودہ ترکی کو بنے ہوئے 100 سال بھی نہیں ہوئے اور

ترکوں کی اصل سرزمین ترکستان میں آج کے دور کا ترکی شامل ہی نہیں!!! بلکہ ترکی کے عثمانی ترکوں کی ہمارے تیموری ترک منگولوں یعنی مغلوں سے شدید جنگ تھی۔

ترکستان میں وسطی ایشیا شامل تھا۔ قازقستان، کرغزستان، ازبکستان، ترکمانستان، تاجکستان، افغانستان کا کچھ حصہ اور چین کا صوبہ سنکیانگ ترکستان میں شامل تھا۔

ترکستان سے تعلق رکھنے والے مختلف ترک فاتحین نے کئی سلطنتوں کی بنیاد رکھی جس میں تیموری سلطنت (وسطی ایشیا)، دہلی سلطنت (ہندوستان)، چغتائی سلطنت (وسطی ایشیا) اور عثمانیہ سلطنت (موجودہ ترکی) شامل ہیں۔

ترکستان کو مغربی اور مشرقی ترکستان میں تقسیم کیا گیا ہے۔ مغربی ترکستان وہ مسلم اکثریتی علاقہ ہے جس پر سوویت یونین نے قبضہ کر لیا تھا جبکہ مشرقی ترکستان اب بھی چین کے زیر قبضہ ہے جسے چین میں سنکیانگ (یعنی نیا صوبہ) کہا جاتا ہے۔ 1948 میں سنکیانگ میں ترک (ایغور) آبادی 98 فیصد تھی جو اب سکڑ کر 46 فیصد رہ گئی ہے۔

ماضی میں منگولوں نے جب ترکستان پر قبضہ کیا تو اس علاقے کا نام ترکستان سے بدل کر منگولستان (فارسی میں مغلستان) رکھ دیا۔ فارسی میں منگول کو مغل کہتے ہیں۔ قابض منگول چونکہ خود اقلیت تھے اس لیے جلد ہی فارسی تہذیب و تمدن اپنا لیا۔ یہاں سے اس مغل خاندان کا آغاز ہوا جس نے ہندوستان پر حکومت کی، یہ منگول تھے لیکن ان کی زبان فارسی تھی۔ اس ترک-منگول خاندان کا موجودہ ترکی سے کوئی تعلق ہی نہیں!!!

پہلا مغل حکمران ظہیر الدین بابر دراصل تیمور لنگ کی اولاد سے ہے۔ تیمور سمرقند (ازبکستان) کے ایک معمولی زمیندار کا بیٹا تھا جس نے عظیم تیموری سلطنت کی بنیاد رکھی۔ تیمور کی حکومت

ترکی سے لے کر ہندوستان تک پھیلی ہوئی تھی جس کا مرکز سمرقند تھا۔ تیمور لنگ ترک-منگول تھا، یعنی وہ منگول جو ازبکستان (ترکستان) میں آکر بس گئے تھے۔ چنگیز خان اور امیر تیمور دونوں کا جد امجد تومنہ خان تھا۔ تیمور خود کو منگول حکمران چنگیز خان کا جانشین بھی کہتا تھا۔ اس ساری کہانی کا موجودہ ملک ترکی سے دور دور کا کوئی تعلق ہی نہیں۔

ہندوستان کے مغلوں (تیموری ترک منگولوں) اور ترکی کے عثمانی ترکوں کا آپس میں صرف یہ تعلق ہے کہ مغلوں کے جد امجد امیر تیمور نے جنگِ انقرہ میں ترکی کے عثمانی سلطان بایزید یلدرم کو شکست دے کر ترکی کی عثمانی سلطنت کو تقریباً ختم کر دیا تھا جسے بعد میں بایزید کے بیٹے 'محمد اول' نے بحال کیا۔ عثمانی سلطان بایزید یلدرم ایک سال بعد امیر تیمور کی قید میں ہی سسک سسک کر انتقال کر گئے۔

مغل سلطنت کو دوسری تیموری سلطنت بھی کہا جاتا ہے۔ اس کو ترکی کی عثمانی سلطنت یا موجودہ ملک ترکی سے جوڑنا تاریخ کے ساتھ انتہائی ظلم ہے۔ اسی طرح ہندوستان میں قائم مغل حکومت ترکی کے زیرِ اثر کبھی نہ تھی۔ خلافتِ عثمانیہ، جس کا مرکز ترکی تھا، میں کبھی برِ صغیر شامل ہی نہیں تھا۔ اگر یہاں ترکی والوں کی حکومت ہوتی تو ہندوستان کو بھی خلافتِ عثمانیہ کا حصہ ہونا چاہیے تھا۔ اس کے برعکس مغل حکمران اپنا تعلق تیموری سلطنت سے جوڑتے اور سمرقند، بخارا اور کاشغر (تیموری سلطنت کے مراکز) کی تہذیب پر ناز کرتے، اسی وجہ سے مغلوں کی زبان فارسی تھی۔

اور تمام باتوں کی ایک بات، عمران خان کو یہ کس نے کہہ دیا کہ پاکستان کے عوام ترکی کی عزت اس لیے کرتے ہیں کہ ترکوں نے یہاں 600 سال حکمرانی کی؟ بلکہ پاکستان کے عوام ترکی کی عزت صرف خلافتِ عثمانیہ کی وجہ سے کرتے ہیں جس کا برصغیر سے کوئی تعلق نہ تھا۔

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

ہمارے سلیکٹڈ وزیر اعظم عمران خان نے غلطی سے کوئی کتاب پڑھ لی ہو گی جس میں مغلوں کو ترک بتایا گیا اور عمران خان نے اس کو ترکستان کی بجائے موجودہ ملک ترکی سمجھ کر پوری دنیا کے سامنے ناک کٹوادی۔ اس سے پہلے موصوف جرمنی اور جاپان کا مشترکہ بارڈر بھی دریافت کر چکے ہیں جبکہ ان دونوں ممالک میں 9 ہزار کلومیٹر کا فاصلہ ہے۔ حکومت تو ان سے چل نہیں رہی البتہ شغل اچھا چل رہا ہے اور اسی لیے اس حکومت کو سلطنتِ شغلیہ اور عمران خان کو شغلِ اعظم کہنا زیادہ مناسب ہو گا€ ...

)کاپی سونیا فیروز کاوس جی کی وال سے(

از ڈاکٹر سلطان محمود

سونیا فیروز کاوس جی کی وضاحت ملاحظہ کریں جس میں عمران کی تضحیک کے علاوہ مجھے سارے متن سے اتفاق ہے۔ تاریخ تو یہی ہے، رہی بات کپتان کی تو ان کو اس لئے معافی ہے کہ وہ صاف گو عوامی آدمی ہے ہماری طرح۔ جیسے ہم روزمرہ غلطیاں کرتے رہتے ہیں وہ بھی ویسے ہی کرتا ہے۔ میں اسکی پارٹی کی ہرگز نہیں مگر صرف عمران کی حمایت اس لئے کرتا ہوں کہ اس میں چور سیاستدانوں والی منافقتیں نہیں ہیں۔ مجھے کپتان اپنی غلطیوں اور کوتاہیوں سمیت قبول ہے۔ کیونکہ سابقہ حکمرانوں نے بہر حال وطن کا ستیاناس ہی کیا ہے۔ میں اپنی ضمیر کی عدالت میں کھڑا رہتا ہوں اس لئے گواہی دیتا ہوں کہ جس دن عمران کے اٹھائے گئے ذاتی اقدامات وطن دشمن جا ثابت ہوئے میں اپنی حماقت فورا "تسلیم کرلوں گا اور پاکستان کے مستقبل سے مایوس ہو کر کسی کونے میں دبک کر بیٹھ جاوں گا بشرطیکہ حیات ہوا۔

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

اشمل ہاشمی Sultan Mahmood بنا. تحقیق تمسخر نہیں اڑاتے

ازڈاکٹر سلطان محمود

عمران کو پسند کرنے کا یہ مطلب ہر گز نہیں کہ اس کی احمقانہ باتوں کا بھی دفاع کیا جائے۔ اور اس کو بھی نہیں چاھیئے کہ تقریری شوق میں وہ باتیں بھی کر جائے جن کو مدبر اور دانشور کبھی بھی نہ کرنا چاھیں گے۔ حکومت کے سربراہ نے اپنی پارٹی کے ورکروں کو کس مسلسل مصیبت میں ڈال رکھا ہے کہ بیچارے غریب سارے کام چھوڑ کر اپنے محبوب قائد کے غیر ضروری اور ٹٹ پونجیئے بیانات کو ثابت کرنے پر جٹے رہیں۔ ان بیچاروں کو بھی تو گھر میں کوئی کام کاج ہو گا۔ یا پھر ان کا بھی کوئی کاروبار نہیں ہو گا جیسے میرے پیارے کپتان کا کوئی نہیں۔ 😂 😂

اشمل ہاشمی

Sultan Mahmood ہم نے دفاع نہیں کیا ہے, اب یوں تو بغض عمران والے بھی بیچارے ایک تحریر ڈھونڈ کے لائے ہیں جس مین سارے ترکستان کا ذکر کر کے کہتے ہیں ترکی کو بنے ابھی 100 سال ہوے ہیں پچھلی تاریخ کا موجودہ ترکی سے کوئی تعلق نہیں

ازڈاکٹر سلطان محمود

ہمارا دل پہلے ہی کپتان کے لئے موم ہے مگر ہر بات کسی کی بھی ماننے والی نہیں ہوتی۔

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

7۔ معیشت تو تقریبا "خودکشی کے دہانے پر ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ یہ ماہر معیشت ن لیگ کے ہیں تو اس سے زیادہ جو بات درست ہے وہ یہ ہے کہ معیشت کو نواز زرداری کے مافیاز نیز ان کی باقیات جو عمران کے بھی ساتھ ہیں سے چھڑانا قطعا " آسان کام نہیں۔

8۔ پاکستان میں موسمیاتی تبدیلیوں کے بارے میں خطاب میرے لیے اعزاز کی بات ہے: اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوترس کا موسمیاتی تبدیلی کی تقریب سے خطاب

9۔ ہمیں بھی سائنسی و بشری علوم پر مبنی علمی معیشت کو ویسے ہی استوار کرنے کی ضرورت ہے جیسے چین کے ڈنگ سیاوپنگ، کوریا کے جنرل پارک اور ملائشیا کے مہاتیر محمد نے کی۔ ماخوذ

10۔ اسی بدبختی نے تو ہمارے اندر آج بھی سائنس سے نفرت کرنے والے احمق بھر رکھے ہیں۔ سائنس کی تحقیر زیادہ تر مسجد و منبر سے کی جاتی ہے۔

ENVIRONMENT PAKISTAN D

1۔ تقسیم کے وقت پاکستان کے حصے میں متحدہ ہندوستان کے 17٪ معاشی وسائل آئے لیکن برطانوی ہند کی 33٪ عسکری قوت ورثے میں ملی۔ یہ تفاوت ابھی تک چل رہا ہے جسے مکالمے کی ضرورت ہے۔ماخوذ

2۔ اگر پاکستانی تاجر بھوکے بھیڑیے کی طرح عوام پر نہ جھپٹیں تو کرونا وائرس کے سبب چینی درآمدات کی عارضی بندش سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔DSM

3۔ متوسط طبقہ ہی ریاست کی طاقت ہے مگر بد قسمتی سے ہمارا آئین بلدیاتی نظام کے بارے خاموش ہے۔لہذا ملک کی یہ اصل طاقت عوامی آمروں اور کرپٹ نوکر شاہی کی غلام چلی آ رہی ہے۔
DSM

4۔امجد حسین وڑائچ
ہمارے پولیٹیکل سسٹم میں مڈل کلاس سے قیادت سامنے کیوں نہیں آ سکی؟؟

از ڈاکٹر سلطان محمود
اس لئے کہ پیپلز پارٹی سمیت تمام بڑی پارٹیوں پر خاندانوں کا قبضہ ہے۔

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

5۔ اگر نون لیگ پرائیویٹ کمپنی نہ ہوتی تو نواز، شہباز، مریم اور حمزہ کی جگہ خاقان عباسی، احسن اقبال، راناثناء اور میاں آصف پارٹی کے سرخیل ہوتے۔DSM

6۔ کے پی میں 290 سمال ڈیم مکمل، 66 پر کام جاری اور مزید 672 کی تعمیر کا فیصلہ۔ رپورٹ

7۔ ملکی افق پر چھائے نحوست کے بادلوں میں سود، رشوت، زنا، حرام کمائی، مردار گوشت، ملاوٹ اور جھوٹ کے بعد سرفہرست کرکٹ کا کھیل ہے جس پر سالانہ 20 ارب کا جوا لگتا ہے۔DSM

8۔ امریکہ ویتنام معاہدہ دو برس بعد ٹوٹ گیا تھا۔ اب امریکہ کو اپنے خطے سے دور رکھنے اور مستقل امن کے لئے پاکستان اور افغانستان کا باہمی تعاون بہت ضروری ہے۔DSM

9۔ خلیل قمر مجھے مذکورہ پروگرام میں آپکا غصہ اچھا تو نہیں لگا مگر جن چند فاحشاوں کے ذریعے ہمارا گھریلو نظام توڑنے کی کوشش ہو رہی ہے ان کا مقابلہ کرنے کیلئے ہم آپ کے ساتھ کھڑے ہیں۔
DSM

Mahmood Khwaja

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

Please my "Will" and my "Rights" are two different context. To me former is subjected to an individual and the latter one to a Society/People context. Society differ from place to place and the same issue in one context cannot be solved through another different context. .... of course "Decency" (of mind & words) Needs No Visa/Passport, nor its gender specific but its perception, traditions & practices vary from society to society. Thanks. Best wishes.

DR SULTAN MAHMOOD

Rightly said Sir. Will & Rights game is not well understood in our country. Women are more illiterate here thus instead of speaking for their Rights they've started portraying Will. Similar is the finding shown in today's report on women rights released by UN which speaks that Pakistani society is 99.8٪ victim of discrimination against women. This is unfortunate. Anyway, thanks for your notice Sir.

10۔ فاحشہ ماروی سرمد کو تو بندہ پھر بھی سن لیتا ہے مگر یہ بے غیرت عامر لیاقت تو بالکل ناقابل برداشت ہے۔

ENVIRONMENT PAKISTAN E

1۔ از سعید ابراہیم

ایک جانب تو ہمارے قومی شاعر مغربی تہذیب کے اپنے ہی خنجر سے خودکشی کی پیشین گوئی کر رہے تھے اور دوسری جانب خود جرمن محبوبہ کی خاطر یوروپ میں مستقل رہائش کے خواہشمند تھے۔ اس کے علاوہ بیک وقت عطیہ فیضی اور ایماویگے ناسٹ سے عشق کی پینگیں بڑھا رہے تھے مگر قوم کو یہ سبق پڑھا رہے تھے۔

عصمتیں علم پر مقدم ہیں

آج بہتر ہے لڑکیاں نہ پڑھیں

اس کے باوجود اقبال کے اندھے عاشق پوچھتے ہیں کہ اس میں بھلا برائی کیا ہے؟

برائی بس منافقت کی ہے جو اقبال کے طرزِ عمل میں صاف دکھائی دیتی ہے اور خود اقبال کے مداحین کی زندگی میں بھی کہ اپنی بہنوں اور بیٹیوں کو گھروں میں بند رکھو اور خود جہاں موقع ملے تانک جھانک کرتے پھرو۔

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

از ڈاکٹر سلطان محمود

آج اقبال کا نام لے کر اپنا خبث باطن نکالنے والوں کو کل کلاں باقی مشاہیر اسلام اور مشاہیر پاکستان بشمول قائد آعظم کی کردار کشی سے کون روکے گا۔ علامہ کو نصاب سے نکالنے والے متعصبین سوشل میڈیا پر بھی یلغار کر رہے ہیں۔

سعید

اگر ہمارے مشاہیر کی حقیقت ایسی ہی تھی تو اس میں مورخ کا کیا قصور؟ حقائق کا بیان خبثِ باطن نہیں بلکہ انہیں چھپانا بد باطنی اور قومی جرم کہلاتا ہے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

Saeed Ibrahim

سعید بھائی ہمیں رشتوں، بزرگوں اور مشاہیر کا ادب سکھایا گیا ہے۔ اگر باپ یا ماں کے جسم پر پھنسی پھوڑا نکل آئے تو اس بیماری سے نفرت اور علاج کیا جاتا ہے نہ کہ ان کی پوری شخصیت ہی کو مسترد کر دیا جائے۔

سعید

پھنسی پھوڑے کا کردار سے کوئی لینا دینا نہیں۔ ہم شخصیات کے بت بنا کر انکی پرستش کے عادی ہیں۔ اسی لئے ہمیں حقائق اذیت ناک لگتے ہیں۔ جبکہ قومی سطح پر مھاسے کیلئے ان شخصیات کا تجزیہ ناگزیر ہے۔ علاج کے لئے بھی دیکھ بھال کے بعد ہی کوئی تدبیر ہو سکتی ہے۔

ازڈاکٹر سلطان محمود

Saeed Ibrahim

فرض کریں باپ کا کچھ قابل اعتراض کردار بیٹے کے علم میں آجائے تو کیا بیٹے کو اس کا ڈھنڈھورا پیٹنا چاھیئے؟

عبدالمجید

Sultan Mahmood ڈھنڈورا نہ پیٹے تو بھی اسے ولی اولیا کا درجہ تو نہ دینا چاہئے۔ اگر کوئی ایسا کرے گا تو پھر اس کے کردار کی حقیقت کا اظہار بھی لازم ہونا چاہئے۔

Sultan Mahmood ڈھنڈورا نہ پیٹے تو بھی اسے ولی اولیا کا درجہ تو نہ دینا چاہئے۔ اگر کوئی ایسا کرے گا تو پھر اس کے کردار کی حقیقت کا اظہار بھی لازم ہونا چاہئے۔

سعید

Sultan Mahmood ہاں مگر ان کا قابلِ احترام ثابت ہونا بھی شرط ہے نہ کہ انہیں جھوٹ کے بل بوتے پر قابلِ احترام ثابت کرنے کی کوشش کی جائے۔

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

از ڈاکٹر سلطان محمود

Saeed Ibrahim
لیکن احترام بحثیت جذبہ ایک جیسا ہی ہوتا ہے جو کسی محترم کے ہی دل و دماغ سے پھوٹتا ہے۔

سعید
Sultan Mahmood ہاں مگر ان کا قابلِ احترام ثابت ہونا بھی شرط ہے نہ کہ انہیں جھوٹ کے بل بوتے پر قابلِ احترام ثابت کرنے کی کوشش کی جائے۔
لیڈر کا تعلق چونکہ پوری قوم سے ہوتا ہے لہذا دنیا بھر میں یہ روائت ہے کہ ان کے سبھی پہلو سامنے بھی لائے جاتے ہیں اور ان پہ بحث بھی کی جاتی ہے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود

Saeed Ibrahim
ہاں مگر تضحیک کے انداز میں نہیں بلکہ اگلی نسل کی اصلاح اور بہتری کی خاطر فلسفیوں والے تنقیدی انداز میں۔

سعید

Sultan Mahmood ہاں مگر ان کا قابلِ احترام ثابت ہونا بھی شرط ہے نہ کہ انہیں جھوٹ کے بل بوتے پر قابلِ احترام ثابت کرنے کی کوشش کی جائے۔

Abdul Majeed

Sultan Mahmood True. criticism should not be derogatory. They still deserve a degree of respect because to err is human.

Saeed to Ayyan
پہلی بات تو یہ کہ درست لکھنے کی مشق کیجئے۔ اور دوسری بات یہ کہ اقبال نے کبھی بھی خود کو شاعر نہیں کہا بلکہ وہ سر تا پا ایک مذہبی نظریاتی آدمی تھے جو مسلمانوں کو درست راستے پر چلانے کے خواہشمند تھے۔ سماجی معاملات میں اکثر تبلیغی قسم کی رائے دیا کرتے تھے۔ مگر ان کی عملی زندگی اور خیالات میں بہت سے تضادات تھے جو انکی ذات کیلئے بالکل مناسب نہیں تھے۔

Yasir Pirzada

بلکل منافق ترین ادمی تھے جو ایک طرف مسلمانوں میں غیرت ایمانی جگا رہے تو دوسری طرف ملکہ کی شان میں قصیدے سنا رہے سارے جہاں سے اچھا ہندوستان ہمارا والے بندے کو کیا ے قومی

ہیرو بنایا گیا وہ الگ داستان ہے جس کا کچھ لینا دینا ہی نہیں پاکستان بنانے سے اسے قائد اعظم کے برابر کیوں کر بیٹھا دیا گیا

از ڈاکٹر سلطان محمود

اگر اقبال کی مخالفت کر کے روزی روٹی چلتی ہے تو لگے رہو منا بھائی۔

2۔ مجدد الف ثانی، سر سید، اقبال و جناح کے دو قومی نظریے کو اندرا گاندھی نے بحیرہ عرب میں ڈبونے کا طعنہ دیا تھا مگر آفرین ہے مودی پر کہ جس نے یہ نظریہ سمندر سے زندہ سلامت نکال لیا ہے DSM 🤔

3. PLASTIC-EATING CATERPILLARS HAVE GUT BACTERIA THAT CAN LIVE ON POLYETHYLENE FOR OVER A YEAR - NEWSWEEK

Courtesy Farukh Naseer

About 9٪ of plastic ever made has likely been recycled &12٪ incinerated. Rest of 79٪ is dumped either in landfill or open 🤔

4۔ زرداری کے دوست حسین حقانی اور ماروی سرمد کی قیادت میں عورت مارچ کے نام پر پاکستان کا فیملی سسٹم توڑنے کی کوشش کرنے والی فاحشائیں کیا کہیں گی اس سلسلہ میں 😳 ۔ ماروی سے تو یہ ٹرانس جینڈر ہزاروں گنا زیادہ بہتر ہیں جو حقیقت میں معاشرتی بے اعتنائی کا شکار ہو کر بھی اللہ کے حضور شکر گزار ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ ہمارا جسم اللہ کی مرضی 😳

5۔ وزیر لائیسٹاک حسنین دریشک نے جو بیان داغا ہے ایسے بیانات میں غالبا 1984 " سے ساجدہ نئیر عابدی کے وقت سے لائیوسٹاک کی ترقی بارے سنتا آرہا ہوں مگر دودھیل اور گوشت والے جانور کی پیداوار پہلے سے مسلسل گھٹتی چلی آرہی ہے۔ قیام یورپ و امریکہ میں ایسی باتیں وہاں کے پروفیسر کرتے تھے اور پھر دیئے گئے وقت میں ان پر عمل کے ذمے دار بھی ہوتے تھے۔ عرصہ 12 برسوں میں مجھے وہاں کے شاید ہی کسی وزیر کا بیان یاد رہا ہو۔ خرابی کہاں ہے اندازہ لگانا ہرگز مشکل نہیں۔ ہمیشہ سے لائیوسٹاک کے وزیر، مشیر، سیکریٹریٹ کے کرتوں دھرتوں میں سے کوئی بھی امور حیوانات کا ماہر نہیں دیکھا مگر ڈی جی سے لے کر عام وی او ان سب کے سامنے ہاتھ باندھے کھڑے نظر آتے ہیں بلکہ مذکورہ تمام تکنیکی ماہرین 90٪ سے زاید وقت اور پیسہ اپنی پروموشن، پوسٹنگ یا کام سے بچنے میں صرف کرتے آئے ہیں۔ اگر آپ میں سے کسی کو اپنے دیسی جانور میں کسی اہم دریافت یا پرورش سے صوبے یا ملک کو پہنچے فائدے کے پیچھے کسی شخصیت کی محنت کا علم ہو تو ضرور آگاہ کیجیئے گا۔ ڈاکٹر سلطان محمود

6. Sindh government is traditionally very corrupt.

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

7۔ یہ پاکستانی مجاہد کی شان ہے کہ جان دیدے گا مگر آبادی پر طیارہ گرنے نہ دیگا۔ حالانکہ سیٹ باہر گرائی جاسکتی بھی ہے۔

8۔ دبستان اقبال ایک بہت اعلی پائے کا قومی سطح کا ادبی فورم ہے اور میری خوش قسمتی ہے کہ تیسری بار یہاں لیکچر دینے کے لئے منتخب کیا گیا ہوں۔ احباب ضرور تشریف لائیں چائے وغیرہ سے تواضع بھی ہو گی۔ چونکہ ہال میں 50 افراد کے بیٹھنے کی گنجائش ہے اس لئے جو 10 دوست جمعہ تک آنا کنفرم کر دینگے ان کے لئے جگہ رکھوانے کی کوشش کرونگا مگر پھر بھی 5 بجے تک پہنچنا ہو گا۔

اس لیکچر میں میرے مضمون ماحولیات کی نسبت سے مشرق کے شاعر فطرت اور فلاسفر حضرت علامہ اقبال رح کے فلسفہ قدرت کی روشنی میں وضاحت پیش کی جائیگی اس لئے موضوع میں تھوڑی سی تبدیلی کی گئی ہے جو یوں ہو گا "اقبال کا فلسفہ قدرتی ماحول"۔

میں کہیں پہلے بھی بتا چکا ہوں کہ پولینڈ سے ڈاکٹریٹ کرنے کے دوران فلاسفی کا مضمون لازمی طور پر بحثیت معاون لینا ہوتا تھا۔ مجھے استاد صاحب نے ایشیائی ہونے کے ناطے رابندر ناتھ ٹیگور کو منتخب کرنے کا کہا مگر میں نے اقبال رح کا انتخاب کیا۔ اس نے دو روز بعد بلایا اور عالمی فلاسفرز کی فہرست میں میرے روحانی استاد کے نام کی موجودگی کی وجہ سے مجھے اجازت دیدی۔ اس دوران وہ اقبال کو خاصہ پڑھ چکا تھا اور اس کے الفاظ تھے کہ "اقبال بہت مشکل پسند لگتے ہیں کیونکہ انہوں نے ذریعہ

اظہار شاعری کا چناہے حالانکہ ریاست پر ان کا فلسفہ ہیگل اور نطشے سے بہتر اور قدرت نگاری پر جان کیٹس، ورڈزورتھ اور شیکسپیئر کے پائے کا ہے"۔ بہر حال میرے پروفیسر کی نظر میں پاکستان کا قد بہت بلند ہوا۔ پھر سفارتخانے نے لٹریچر اکٹھا کرنے میں مدد دی، سفیر پاکستان انعام اللہ حقانی میری پریزنٹیشن میں تشریف لائے اور یوں میں 52 ممالک کے سینکڑوں سکالرز میں پی ایچ ڈی کی ڈگری کے ساتھ ساتھ ایک امتیازی ڈگری کا بھی حقدار ٹھہرا۔

میں نے چونکہ ماحولیات کے مضامین وہیں یورپ سے ہی پڑھنا شروع کر دیئے تھے اس لئے اقبال رح کو فلاسفر کے علاوہ قدرت کا ترجمان بھی پایا اور سچ پوچھیں تو بہت سارا قرآن سمجھ میں آنا شروع ہو گیا۔ اس کے بعد سے اقبال رح کو محض شاعر کہنا یا سمجھنا کم از کم مجھے بہت ہیچ لگتا ہے۔

میرے آنے والے لیکچر میں انشاءاللہ ماحولیات کے تمام شعبہ جات مثلا "طبعی ماحول، حیاتیاتی ماحول اور سماجی ماحول پر استاد المحترم کی شاعرانہ دلالت پیش کی جائے گی جو میری جانب سے ایک حقیر سا نذرانہ ہو گا۔

9۔ جنگ گروپ نے ضیاء کے ساتھ مل کر ملک خوب لوٹا۔ پھر نون لیگ کیساتھ مل کر بھارت سے "امن کی آشا" کے نام پر فنڈ لئے اور ملکی مفادات کے خلاف استعمال کئے۔

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

10. Ah Dr Mubashir was a great man & thinker indeed. I can't forget the moments spent with him in 2011. May Allah shower his peace and blessings upon him.

To Afzal Malik by DSM

میری جراءت رندانہ یا پھر بے وقوفی ملاحظہ کریں کہ براہ راست ہی ڈاکٹر صاحب مرحوم سے صنعتیں اور تعلیم قومیانے کے سلسلے میں کئی ماہ مناظرے کی کیفیت میں رہا اور ان سے خوب خوب ڈانٹ بھی کھائی مگر افسوس وہ اپنی بات پر ہی قائم رہے۔ میں جونہی کوئی دلیل دینے لگتا فوراً جھپٹ پڑتے۔ خیر میں سمجھ گیا کہ اندر سے اپنی غلطی مان رہے ہیں لہذا احترام کی خاطر زیادہ الجھنا مناسب نہ سمجھا۔ اللہ مغفرت فرمائے حقیقی نظریاتی انسان تھے۔

Afzal Malik

ڈاکٹر مبشر نے میرے سامنے مرتضے بھٹو سے کہا کہ میں پیپلز پارٹی کو 1974 میں چھوڑ گیا تھا۔ کہ بھٹو نے جاگیرداروں کو پارٹی میں شامل کر لیا تھا۔ بعد میں انہی جاگیرداروں نے بھٹو کو مروایا

از ڈاکٹر سلطان محمود

جو ڈاکٹر مبشر کو جانتے ہیں وہ مانتے ہیں کہ وہ پی پی سے باغی ہو چکے تھے اور زرداری کی انٹری کے بعد تو اسے حقیقی پی پی سمجھتے ہی نہیں تھے۔ نیز بھٹو سرے سے انقلابی نہیں اور نہ ہی محب وطن تھا۔ بس

پاکستان کے ساتھ کھلواڑ میں عالمی طاقتوں کا ایجنٹ تھا۔ اگر انقلابی ہوتا تھا تو خود اپنی جاگیر چھوڑ دیتا اور اگر ایجنٹ نہ ہوتا تو پاکستان کی صنعت و تعلیم کو قومیاتا نہ نیز پاکستان توڑنے میں حصہ دار نہ بنتا۔

ENVIRONMENT PAKISTAN F

1۔ ہم نے اقبال کا کہا مانا، اور فاقوں کے ہاتھ مرتے رہے۔۔۔۔
جھکنے والوں نے پائی رفعتیں، ہم خودی بلند کرتے رہے۔۔۔۔(نامعلوم شاعر)

از ڈاکٹر سلطان محمود
اقبال کا کہا تو کبھی مانا ہی نہیں گیا۔ فاقے تو لوگوں کی اجتماعی نااہلی تھی اس میں اقبال کا کیا قصور؟

2۔ حیا ملک فرمائش گروپ سے پوچھتی ہیں کہ خاموش لوگ کیا کر رہے ہیں یہاں؟

از ڈاکٹر سلطان محمود
چونکہ پوسٹ کو ایڈمن جلدی قبول یا مسترد نہیں کرتے اس لئے سوشل میڈیا پر بھی اجارہ داری دیکھ کر چپکے ہو بیٹھے ہیں۔ گروپ سے نکلے اس لئے نہیں کہ اس میں گنتی کے چند لوگوں سے ہی سہی اچھی باتیں سننے کو مل جاتی ہیں مگر کرونا وائرس سے بھی کم تر شرح سے محض 0.00003٪(😋) یعنی 2 لاکھ میں صرف 6۔ کیا فائدہ گروپ بڑا کرنے کا کہ اگر بات پھر بھی محض ایک ہی بندے کی مرضی کی چلنی ہے۔ ہم دراصل مزاجا "آمر مطلق ہیں۔ اس لئے ایسے گروپ معاشرے کے سدھار کا سبب نہیں بنتے۔

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

3۔ مذہبی جماعتوں کیطرف سے عورت مارچ کی مخالفت تو سمجھ میں آتی ہے مگر تمام سیاسی جماعتیں وسماجی تنظیمیں اس دفعہ کیوں خاموش رہیں بھلا؟DSM

4۔رفیق احمد شیخ

کرونا کا تعلق ایم کیو ایم (لندن)، لیاقت آباد سیکٹر سے ہے، جو ہدایت ملنے پر کراچی بند کروا رہا ہے(زرائع) ✌

ازڈاکٹر سلطان محمود
جس طرح الطاف وائرس سے جان چھوٹی ہے اس طرح انشاءاللہ کرونا سے بھی چھوٹ جائے گی۔

5۔خالد پرویز
کیا جیو جنگ گروپ کے مالک میر شکیل الرحمن کی گرفتاری صحافت پر حملہ ہے؟

ازڈاکٹر سلطان محمود
یہ بھارتی خفیہ ایجنسی راء پر حملہ تو ہو سکتا ہے مگر صحافت پر ہرگز نہیں۔

6۔ ایک سازش کے تحت علامہ اقبال کے کلام کے نام پر گھٹیا شاعری سوشل میڈیا پہ ڈالی جارہی ہے۔لہذا حوالے کے بغیر، خصوصا "کلام اقبال، مسترد کردیں۔DSM

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

7۔ ہم 'اسلامی مملکت 'میں وبا سے تو شاید بچ جائیں مگر سپرے کی آڑ میں گھر گھس آنے والوں سے کیسے بچیں گے۔ او جھڑی کیمپ دھماکے کے وقت بھی ایسا ہی ہوا تھا DSM 🤔

8۔ کرونا وائرس کے حملے میں امریکہ نے 2 ماہ میں چین کو 13 کھرب ڈالر کی چوٹ لگا کر گھٹنوں بل بٹھا دیا ہے۔ اس آڑے وقت میں چین سے تجارت جاری رکھ کر پاکستان اعلی دوستی کی تاریخ رقم کر سکتا ہے۔DSM

سر، آپ کو کس نے کہ دیا ہے چین پاکستان کا دوست ہے۔ چین تو سارے ملکوں کا دوست ہے چین تو افریقی ملکوں تک دوستیاں بڑھا چکا ہے۔ چین پاکستان سے ک ئی ی دوسرے ملکوں کے ساتھ زیادہ لین دین کرتا ہے۔ چین کو ہمیشہ اپنا مفاد عزیز ہے۔

9. What a great 👍🏻 GTZ Germany sponsored Planning & Evaluation Project (P&E Cell) was in full bloom during late 90s. This cell funtioned for more than 15 years directly under Secy L&DD where great proactive german professional Mr. Harenthy led it for full tenure and provided full support to the development

phase of the department. It nurtured a famous and successful model of Halla Milk and some other great services like livestock census of 2000 and generation of a number of PC-1s (project proposals) along with training to the professionals and the farmers.

I was aggrieved and shocked to learn it's fall after german support as well as the fall of it's sister Halla Milk cooperative model and a reversion of an empire onto zero level. It forced me to believe once again that we as a nation are not able to erect organizations but can only destroy the already built institutions.
زاغوں کے تصرف میں عقابوں کے نشیمن۔ 🧐

Anyhow I'm thankful to young vets Dr Amna and Dr Sohaib with whom I spent comparatively more time and recollected and shared my splendid memories. Lahore, 05Mar20.

10۔ چینل ون ٹی وی کیمطابق سنٹر فار ایکسیلنس فار مالیکیولر بیالوجی کے ڈاکٹر ادریس نے کورونا کے مکمل علاج کی دوائی تیار کر لی ہے۔

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

از ڈاکٹر سلطان محمود

یہ کہانی پاوں جوڑ کر گھڑی گئی ہے۔ میرا داخلہ 1984 میں اسی سنٹر میں ہوا تھا مگر پنجاب یونیورسٹی کے اس سنٹر کو چھوڑنا پڑا اور زواولوجی ڈیپارٹمنٹ میں داخلہ ہو گیا۔ گو کہ یہ ادارہ بہت اچھا ہے۔ اس میں ابھی بھی پرانے واقف کام کر رہے ہیں۔ مگر مجھے لگتا ہے کہ یہ کوئی جو ڈاکٹر ادریس صاحب ہیں انہوں نے ٹی وی چینل کے ذریعے اسی طرح مشہور ہونے کی کوشش کی ہے جس طرح خیر پور یونیورسٹی کے پانی سے گاڑی چلانے والے نے کی تھی۔ ملک میں بہت زیادہ ٹی وی چینلز کھلنے کی وجہ سے یہ مسئلہ ہوا ہے کہ جھوٹ اور پروپیگنڈا ابھی بڑھ گیا ہے۔

ENVIRONMENT PAKISTAN G

1۔ وہ صحافی نہیں یا پھر لفافہ صحافی ہے جو پارٹی بازی میں ملوث ہو جائے۔

2۔ از ڈاکٹر سلطان محمود
اب الطاف بھائی کے ہاتھ میں کرائے کے قاتل نہیں رہے اب شہر بند کرانا تو دور کی بات بیچارے کی اپنی بولتی بند ہے۔

3۔ حکومت اگر سنجیدگی سے کورونا وار جیتنا چاہتی ہے تو فی الفور شہباز شریف کو اس مہم کا سربراہ بنا کر پورے اختیارات دیدے۔DSM

Abdul Rehman Ghazi
نسیم صادق سیکٹری فوڈ سیکیورٹی بھی چھوٹا شہباز شریف ہے۔ اسکو کرونا کمپین کا انچارج بنادیں تو پھر بھی کام چل سکتا ہے۔

از ڈاکٹر سلطان محمود
دونوں اکٹھے کر لیں۔ دونوں ہی ان تھک ہیں۔ بلکہ حکومت دل اور دائرہ وسیع کر لے تو مولانا فضل الرحمان، امیر العظیم، مراد شاہ اور ایسے ہی دیگر سیاستدان مدد کے لئے تیار ہو سکتے ہیں۔

سیریز چہارم: ماحول و موسمی تبدیلی

شہزادی آیت الزہرا
وزیر اعلی شہباز شریف پنجاب کو تمہاری ضرورت ھے

از ڈاکٹر سلطان محمود
صرف پنجاب نہیں پورے پاکستان میں انکو اینٹی کورونا مہم کا سربراہ بنادیا جائے پورے اختیارات کیساتھ۔

Faran Hameed

What about commission these will earn? How much money be eaten from this? Please grown up. There are thousands effective leadership in Pakistan with honesty and corruption free available. Why you want to go back to zero again. It means we don't want corruption free Pakistan???? 😭 😭 😭

از ڈاکٹر سلطان محمود
آپ نے اپنے پاس سے ہی تکے لگا کے خود ہی جواب دینا شروع کر دیا ہے۔ عرض ہے کہ جس کے ساتھ میں قریب سے کام کر کے اس کی صلاحیتیں دیکھ چکا ہوں اس کے بارے میں سیاسی عینک کے بغیر رائے دی ہے۔ میرے نزدیک ریاست کا پہیہ چلنا چاھئیے اور کرپشن کے بہانے اسے روک کر عمران نے کون سا تیر مار لیا ہے؟ آپ ہزاروں ایمانداروں کی بات کر کے محض ہوا میں تیر چلا رہے

